# RB-89.2 کو مکمل کرنے کے حوالے سے ہدایات

**بنام درخواست گزار:** بورڈ کے سیکرٹری کے پاس بورڈ پینل کے فیصلے کی یادداشت کو دائر کرنے کے نوٹس کے بعد *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست (فارم RB-89.2)*، یا جسے آئندہ "درخواست" کہا جائے گا، کو 30 تقویمی ایام کے اندر دائر کروانا ضروری ہے۔ *فارم RB-89.2* کو بورڈ کو اس طرح کی درخواست کی اصل وصولی کی تاریخ پر بورڈ کے پاس دائر کردہ سمجھا جاتا ہے۔ 12 NYCRR 300.13(b)(3) اور چیئر کے عہدہ کے مطابق، *فارم RB-89.2* کو دعوؤں کے لیے صرف مرکزی ای میل ایڈریس (**wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov**) کے ذریعے، یا بذریعہ WCB ویب اپ لوڈ لنک (https://wcbdoc.services.conduent.com/) دائر کروایا جا سکتا ہے۔ متبادل طور پر، غیر نمائندہ دعویدار بورڈ کو بورڈ کے مرکزی ڈاک کے پتے (PO Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205) پر *فارم RB-89.2* بھیج سکتے ہیں۔ ورکرز کمپنسیشن میں امتیازی سلوک کے دعوؤں سے متعلقہ *RB-89.2* فارمز کو بورڈ کے امتیازی سلوک کے یونٹ، PO Box 9029, Endicott, NY 13761-9029 پر بذریعہ ڈاک درخواست بھیج کر بورڈ کے پاس دائر کروانا ضروری ہے۔ معذوری کے وظائف کے لیے دائر کردہ دعوؤں (چوٹوں یا بیماریوں کے نتیجے میں ضائع ہونے والی اجرت کے دعوے جن کا روزگار سے تعلق نہیں ہے) سے متعلقہ *RB-89.2* فارمز کو معذوری کے وظائف کے بیورو کو بذریعہ ڈاک، PO Box 9029, Endicott, NY پر درخواست بھیج کر بورڈ کے پاس دائر کروانا ضروری ہے۔ اس درخواست کی ایک کاپی 12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv) کے مطابق تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کرنا ضروری ہے۔ *فارم RB-89.2* کا، تاوقتیکہ کسی غیر نمائندہ شدہ دعویدار کی طرف سے جمع کروایا گیا ہو، چیئر کی طرف سے تجویز کردہ فارمیٹ میں ہونا ضروری ہے اور درخواست کے تمام حصوں کا مکمل ہونا ضروری ہے۔ 12 NYCRR 300.13 کو درکار تمام معلومات فراہم کرنے اور ان ہدایات پر عمل کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔

**نوٹ:** *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست یں* اگر بورڈ کے دفتر میں ذاتی حیثیت میں پہنچائی جاتی ہیں تو وہ قبول نہیں کی جائیں گی۔ ایسے *RB-89.2* فارمز جنہیں براہ راست دفتر برائے جنرل کونسل کو بذریعہ ڈاک بھیجا یا جمع کروایا گیا ہے ان کے بارے میں یہی تصور کیا جائے گا کہ انہیں بورڈ کے پاس دائر نہیں کروایا گیا ہے لہٰذا انہیں زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔

**بنام دیگر تمام فریقین:** *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست (فارم RB-89.3)* کا کوئی بھی جوابی بیان بورڈ کو اس تاریخ کے بعد 30 تقویمی ایام کے اندر فراہم کرنا ضروری ہے جس پر فریقین کو درخواست فراہم کی گئی تھی، جیسا کہ 12 NYCRR 300.13(c) کے مطابق *RB-89.2* فارم کے فراہمی کا ثبوت کے سیکشن میں بیان کیا گیا ہے۔

1. **WCB کیس نمبر (نمبرز)۔** اپیل کیے جانے والے دعوے (دعوؤں) کا WCB کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ WCB کیس نمبر (نمبرز) میں ورکرز کمپنسیشن، امتیازی سلوک، معذوری کے وظائف، بامعاوضہ خاندانی رخصت کے حوالے سے امتیازی سلوک، رضاکار فائر فائٹر، اور رضاکار ایمبولینس کارکن کے وظائف کے لیے کیس نمبر شامل ہوتے ہیں۔

2. **کیریئر کیس نمبر (نمبرز)۔** اپیل کیے جانے والے دعوے (دعوؤں) کا کیریئر کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ یہ سیکشن/آئٹم امتیازی سلوک کے دعوؤں پر لاگو نہیں ہوتا۔

3. **کیریئر کوڈ۔** اپیل کیے جانے والے دعوے کے لیے کیریئر کا کیریئر کوڈ درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔

4. **کیریئر کا نام۔** اپیل کیے جانے والے دعوے کے لیے کیریئر کا نام درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔

5. **چوٹ لگنے/رخصت کی تاریخ۔** وہ تاریخ درج کریں جس دن چوٹ لگی تھی، یا وہ تاریخ جب بامعاوضہ خاندانی رخصت شروع ہوئی تھی (اگر بامعاوضہ خاندانی رخصت نہیں لی گئی تھی، تو امتیازی سلوک کی شکایت کی تاریخ درج کریں)۔

6. **دعویدار کا نام۔** ملازم کا مکمل نام درج کریں۔

7. **دعویدار کا پتہ۔** ملازم کی گلی کا پتہ، شہر، ریاست، اور زپ کوڈ، اور اگر مختلف ہو تو ڈاک کا پتہ بھی درج کریں۔

8. **اپیل کی درخواست کرنے والا فریق۔** اس بات کی نشاندہی کریں کہ کون سا فریق اپیل کی درخواست کر رہا ہے/اس *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* دائر کر رہا ہے۔

9. ***نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست۔*** اس بات کی نشاندہی کریں کہ آیا درخواست 1) لازمی، یا 2) اختیاری ہے۔

10. **بورڈ پینل کے فیصلے کی یادداشت کو دائر کرنے کی تاریخ۔** فیصلے کی تاریخ درج کریں جس پر اپیل کی جا رہی ہے۔

11. **مطلوبہ حل۔** اس حل کی قسم کی نشاندہی کریں جو مطلوب ہو۔

12. **کیس کی موجودہ حیثیت۔** کیس کی حیثیت کی نشاندہی کریں۔

13. **وہ مسئلہ (مسائل) واضح کریں جس کا جائزہ لینا ہے۔** جائزے کے لیے مخصوص مسئلہ (مسائل) بیان کریں۔

14. **اپیل کی بنیاد۔** ان مخصوص وجوہات کا ایک مختصر بیان فراہم کریں جن کی بنیاد پر اپیل کی گئی ہے، بشمول حقائق کے مخصوص نتائج جن کو چیلنج کیا گیا ہے اور/یا مبینہ قانونی غلطیاں۔ ایسے عمومی الزامات ناکافی ہوتے ہیں جو خاص طور پر بورڈ کی توجہ ان مسائل کی جانب مبذول نہیں کرواتے جنہیں حل کیا جانا ہے۔ زیادہ سے زیادہ آٹھ (8) صفحات تک، اضافی شیٹس منسلک کی جا سکتی ہیں۔

**15. سماعت کی تاریخیں، ٹرانسکرپٹس، دستاویزات، دستاویزی شواہد، اور دیگر ثبوت۔** ریکارڈ کا، یا اس کے اس حصے کا حوالہ دیں جو اس درخواست میں اٹھائے گئے مسئلے (مسائل) اور وجہ (وجوہات) سے متعلق ہو۔ سماعت کی اس تاریخ (تاریخوں) کے ساتھ ساتھ دیگر متعلقہ سماعت کی تاریخوں کی نشاندہی کریں جب مسئلہ (مسائل) ورکرز کمپنسیشن کے قانون کے جج (WCLJ) کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔ بورڈ کی فائل میں موجود ٹرانسکرپٹس، دستاویزات، رپورٹس، دستاویزی شواہد اور دیگر ثبوت کی اس تاریخ اور/یا دستاویزی ID نمبر (نمبرز) کے مطابق شناخت کریں جو ان مسائل اور وجوہات سے متعلقہ ہیں جو جائزے کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں۔ اگر نکات کو ٹرانسکرائب نہیں کیا گیا، تو نشاندہی کریں۔ اس درخواست کے ساتھ کسی بھی ایسی دستاویز کو شامل یا منسلک نہ کریں جو بورڈ کی فائل میں اس وقت سے موجود ہے جب درخواست دائر کی گئی تھی۔

**16. سپریم کورٹ کے مرافعہ جاتی ڈویژن، تیسرے محکمے میں اپیل۔** اس بات کی نشاندہی کریں کہ آیا فیصلے کی یادداشت کے خلاف اپیل سپریم کورٹ کے مرافعہ جاتی ڈویژن، تیسرے محکمے میں دائر کی جائے گی/ہو چکی ہے۔

**17. سرٹیفیکیشن۔** تیار کرنے والے شخص کو فارم پر دستخط اور تاریخ (ساتھ ہی اپنا نام، عنوان، ٹیلی فون نمبر، اور پتہ بھی فراہم کریں) کے ساتھ لازماً یہ تصدیق کرنا ہو گی کہ اس درخواست کو قانونی اور حقیقی بنیادوں پر نیک نیتی کے ساتھ، معقول وجوہات کے تحت دائر کیا گیا تھا، اور اسے فراہمی کے ثبوت کے سیکشن میں بیان کردہ متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کیا گیا تھا۔

**18. فراہمی کا ثبوت۔** درخواست کو 12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv) کے مطابق تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کرنا ضروری ہے۔ کسی متعلقہ فریق کو صحیح طریقے سے فراہمی کرنے میں ناکامی کو ناقص فراہمی تصور کیا جائے گا اور بورڈ کی طرف سے درخواست کو مسترد کیا جا سکتا ہے۔ جب *بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست (فارم RB-89)* کیریئر، از خود بیمہ شدہ آجر، یا دوسرے ادا کنندہ یا ممکنہ ادا کنندہ کی جانب سے دائر کی جاتی ہے، تو فراہمی دعویدار، اور دعویدار کے قانونی نمائندے، اور دیگر متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کی جائے گی۔ اگر مرافعہ گزار بورڈ کی جانب سے فیصلہ دائر ہونے کے تیس (30) دنوں کے اندر فراہمی مکمل کر لیتا ہے، تو اسے بروقت تصور کیا جائے گا۔ توثیق لازمی مکمل ہونی چاہیئے اور اس میں تاریخ کے ساتھ ساتھ، اس طریقہ کار کا شامل ہونا ضروری ہے جس کے ذریعے درخواست بورڈ کے پاس دائر کی گئی تھی۔ مرافعہ گزار بورڈ کے پاس درخواست دائر کرنے کے لیے صرف ایک طریقہ استعمال کرے گا۔ اگر مرافعہ گزار ڈپلیکیٹ درخواستیں دائر کرتا ہے، تو اس طرح کی ڈپلیکیٹ کارروائیوں کو معقول وجوہات کے بغیر کسی مسئلے کو اٹھانے یا برقرار رکھنے سے تعبیر کیا جا سکتا ہے، نتیجتا مرافعہ گزار کو WCL § 114-a(3) کے تحت تشخیصات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مکمل شدہ توثیق میں فراہم کردہ کاغذات کی تفصیل کے ساتھ ساتھ، ان متعلقہ و وابستہ فریقین کے نام جنہیں فراہمی کی گئی ہے، ہر متعلقہ و وابستہ فریق کو فراہمی کی تاریخ اور طریقہ کار اور یہ شامل ہونا ضروری ہے کہ فراہمی فیصلہ دائر کروانے کے 30 دن کے اندر مکمل ہو گئی تھی، جو درخواست کا موضوع ہے۔ توثیق کے اس حصے کو مکمل کرنا ناقابل قبول ہے جہاں فراہمی حاصل کرنے والے افراد کے نام اور "منسلکات دیکھیں" کے ساتھ طریقہ درج ہوتے ہیں۔ اگر کسی فریق کو ای میل یا دیگر الیکٹرانک ذرائع سے فراہمی کی گئی ہے، تو توثیق میں ایک سرٹیفیکیشن لازما شامل ہونی چاہیئے کہ فراہمی وصول کرنے والے فریق نے اس طریقے سے فراہمی وصول کرنے کی صریح اجازت فراہم کی ہے [12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv)(C) دیکھیں]۔ درخواست کو ہر فریق کو ایک ہی طریقے سے فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ توثیق کو تاریخ اور دستخط کے ساتھ دروغ گوئی کی سزا کے تحت مکمل کرنا لازمی ہے۔

PO Box 5205
Binghamton, NY 13902-5205

www.wcb.ny.gov

# نظر ثانی / مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

| 1. WCB کیس نمبر (نمبرز) | 2. کیریئر کیس نمبر (نمبرز) | 3. کیریئر کوڈ | 4. کیریئر کا نام | 5. چوٹ لگنے/رخصت کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

| 6. دعویدار کا نام | 7. دعویدار کا پتہ |
|---|---|
| | |

8. یہ درخواست ان کی جانب سے کی گئی ہے:

9. WCL سیکشنز 32 اور 142(2) کے تحت *نظر ثانی/ مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* درج ذیل ہے:

☐ لازمی (اس صورت میں کہ صرف غیر جانبدار ماہر کے پاس حوالگی واحد بنیاد نہیں تھی، بلکہ کوئی اور اختلاف موجود تھا)
☐ اختیاری

10. بورڈ پینل کے فیصلے کی یادداشت کو دائر کرنے کی تاریخ (mm/dd/yyyy):

11. مطلوبہ حل درج ذیل ہے:
☐ فیصلے کی یادداشت کی انتظامی درستگی
☐ فیصلے کی یادداشت میں تبدیلی کرنا
☐ فیصلے کی یادداشت میں ترمیم کرنا
☐ فیصلے کی یادداشت کو منسوخ کرنا

12. کیس اس وقت یہ ہے (ایک کو نشان زد کریں): ☐ نامنظور ☐ تسلیم شدہ

13. جائزے کے لیے مخصوص مسئلہ (مسائل) بیان کریں:

14. **اپیل کی بنیاد۔** جائزے کی یہ درخواست درج ذیل وجوہات پر مبنی ہے (زیادہ سے زیادہ 8 صفحات تک، اضافی شیٹس منسلک کی جا سکتی ہیں):

15. **سماعت کی تاریخیں، ٹرانسکرپٹس، دستاویزات، دستاویزی شواہد، اور دیگر ثبوت۔** (تفصیلات کے لیے ہدایات دیکھیں):

16. کیا فیصلے کی یادداشت کے خلاف اپیل سپریم کورٹ کے مرافعہ جاتی ڈویژن، تیسرے محکمے میں دائر کی گئی ہے یا کی جائے گی؟
☐ ہاں ☐ نہیں


ورکرز کمپنسیشن بورڈ کسی امتیازی سلوک کے بغیر معذوریوں کے حامل افراد کو ملازمت دیتا ہے اور انہیں خدمات فراہم کرتا ہے

RB-89.2 4-24

**17. سرٹیفیکیشن:** ذیل میں فراہم کردہ جگہ پر دستخط کر کے، میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس درخواست کو قانونی اور حقیقی بنیادوں پر نیک نیتی کے ساتھ، معقول وجوہات کے تحت دائر کیا گیا ہے، اور اسے فراہمی کا طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کیا گیا ہے، بشمول اصل پتہ جہاں فراہمی کی گئی تھی جو ذیل میں فراہمی کی توثیق میں درج ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ورکرز کمپنسیشن کا قانون معقول دلائل کے بغیر کارروائیوں کو شروع کرنے یا جاری رکھنے اور/یا تاخیر کے مقصد کے لیے بھاری جرمانے عائد کرتا ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اگر یہ درخواست کسی بھی وجہ سے واپس لی جاتی ہے یا اٹھائے گئے کوئی بھی مسائل فریقین کے ذریعے حل کر لیے جاتے ہیں، تو مجھے فوراً بورڈ اور متعلقہ و وابستہ فریقین کو تحریری طور پر مطلع کرنا ہو گا۔

تیار کرنے والے شخص کے دستخط: ____________________ تیار ہونے کی تاریخ (mm/dd/yyyy): ____________

نام پرنٹ کریں: ____________ عہدہ: ____________ ٹیلی فون نمبر: ____________

پتہ: ________________________________________

## فراہمی کا ثبوت

### تصدیق

میں دروغ گوئی کی سزا کے تحت اس بات کی توثیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے 12 NYCRR 300.13(b)(2)(iv) اور (3) میں اس *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کے لیے بیان کردہ کو دائر کرنے اور فراہمی کے تقاضوں پر عمل کیا ہے، جیسا کہ ذیل میں تفصیل دی گئی ہے اور مجھے علم ہے کہ یہ دستاویز عدالت میں قانونی اقدام یا کارروائی کے دوران دائر کی جا سکتی ہے۔

A. میں نے بورڈ کے پاس بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست دائر کی ہے بتاریخ **(تاریخ - mm/dd/yyyy)** ____________ بذریعہ **(ایک طریقہ منتخب کریں)**:

- ☐ PO Box 5205, Binghamton, NY 13902 پر ڈاک بھیجنا (صرف غیر نمائندہ دعویداروں کے لیے)
- ☐ wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov پر ای میل کرنا
- ☐ WCB ویب اپ لوڈ لنک (https://wcbdoc.services.conduent.com)
- ☐ **ورکرز کمپنسیشن کے حوالے سے امتیازی سلوک کا دعویٰ:** امتیازی سلوک کے یونٹ کو، PO Box 9029, Endicott, NY 13761-9029 پر ڈاک بھیجنا
- ☐ **معذوری کے وظائف:** معذوری کے وظائف کے بیورو، PO Box 9029، Endicott، NY 13761-9029 پر ڈاک بھیجنا

B. میں نے *بورڈ کے جائزے کی درخواست* **(تاریخ - mm/dd/yyyy)** ____________ کو فراہم کی (اگر ضروری ہو تو اضافی شیٹس منسلک کریں):

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |
| نام: ____________ | بذریعہ (طریقہ): ____________ | (پتہ): ____________ |

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ جن فریقین کو ای میل یا دیگر الیکٹرانک ذرائع سے فراہمی کی گئی ہے انہوں نے اس طریقے سے فراہمی حاصل کرنے کے لیے صریح اجازت فراہم کی تھی۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کی اس درخواست* کی فراہمی، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، فیصلے کے دائر ہونے کے تیس دنوں کے اندر مکمل کر لی گئی تھی جو اس درخواست کا موضوع ہے۔

تاریخ:(mm/dd/yyyy) ____________ دستخط: ____________________

نام پرنٹ کریں: ____________________